باب 8

# وقت، ٹیم اور تکنیک



اب ہم آپ کی پیش کش کی تیاری شروع کر رہے ہیں۔ اب تک آپ نے جماعت میں مختلف اسباق، تصورات اور مشترکہ تاثرات کی بنیاد پر مختلف مشقیں کی ہیں اور کردار ادا کیے ہیں۔ اب ہر وہ چیز جو آپ نے سیکھی ہے، اسے یکجا کر کے ایک بڑے مجمع کے سامنے پیش کرنے کے لیے مناسب منصوبہ بندی اور طریقۂ کار کی ضرورت ہے۔







4537CH08

## مرحلہ 1: اسٹوری بورڈ اور اسکرپٹ




کہانی بنانے کے لیے واقعات کو جوڑنے کے کئی طریقے آزمانے کے بعد، اب آپ کو ایک ایسی کہانی کا انتخاب کرنا ہے جسے آپ سال کے آخر میں اسٹیج پر پیش کریں گے۔ کلاس میں مل کر بات چیت کیجیے اور ایسی کہانی کا انتخاب کیجیے جو:

- پوری کلاس کو دل چسپ لگے۔ اگر آپ کو خود کہانی دل چسپ نہیں لگے گی تو پھر آپ یہ توقع نہیں رکھ سکتے کہ ناظرین اسے پسند کریں گے۔
- مختصر اور سادہ ہو۔ ڈرامے کا دورانیہ تقریباً 5 سے 8 منٹ کا ہو۔ ساز و سامان اور ملبوسات آسانی سے دستیاب ہوں۔
- اسے ایک تخلیقی عمل بنائیں۔ کوشش کیجیے کہ موسیقی کی کلاس میں سیکھی گئی کوئی نظم شامل کریں یا کہانی کے مطابق کوئی رقص شامل کیجیے۔
- جماعت کے سبھی طلبا کو شامل کیجیے۔ کچھ بچے اداکاری کر سکتے ہیں، کچھ کہانی پر کام کر سکتے ہیں اور کچھ سجاوٹ یا ضروری چیزوں کی تیاری میں مدد دے سکتے ہیں۔

چند سال پہلے ایک اسکول میں ایک دل چسپ واقعہ پیش آیا۔ آیئے، میں آپ کو وہ کہانی سناؤں۔ اس کے بعد آپ مجھے بتائیں گے کہ آپ نے اس سے کیا سیکھا۔

© NCERT not to be republished



ایک بار گریڈ 5B میں کچھ بچوں نے ایک شاندار ڈراما پیش کرنے کا فیصلہ کیا جس کا نام تھا جنگل کی مہم جوئی۔ اس میں سب کچھ تھا — بولتے ہوئے درخت، ناچتے ہوئے بندر اور ایک جاسوس گلہری! سب بچے بہت پُرجوش تھے۔ اتنے زیادہ پُرجوش کہ ہر کوئی اسٹیج پر کوئی نہ کوئی کردار ادا کرنا چاہتا تھا۔

”میں شیر بنوں گا!“ آدتیہ نے کہا۔ ”میں دریا بنوں گی!“ میرا نے زور سے کہا اور پانی کی لہروں جیسا رقص کرنے لگی۔

”میں کہانی سنانے والی بنوں گی، طوطا بھی، اور شاید آبشار بھی!“ نشا نے کہا، جیسے کوئی عالمی ریکارڈ توڑنے کی کوشش کر رہی ہو۔

ایک ہفتے کی دل چسپ ریہرسل کے بعد وہ سب تیار تھے یا انھیں ایسا لگ رہا تھا۔



ڈرامے کی پیش کش سے تین دن پہلے ان کی ٹیچر نے پوچھا، ”روشنی، موسیقی، اور اسٹیج سجانے کا کام کون کرے گا؟ تمھارے ملبوسات کا کیا ہوگا؟“

اچانک سناٹا چھا گیا۔

وہ سب اسٹیج کے پیچھے کے کام کو تو بھول ہی گئے تھے!

”جب گلہری خزانہ ڈھونڈ لے گی تو موسیقی کون چلائے گا؟“

”جب جنگل کا درخت بدلنا ہوگا تو پردے کے پیچھے کوئی نہ ہو تو کیسے ہوگا؟“ کسی نے آہستہ سے کہا۔

© NCERT not to be republished





انھوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔سب نے اسٹیج پر اداکاری کا کوئی نہ کوئی کردار لیا تھا۔کوئی بھی اسے چھوڑنا نہیں چاہتا تھا۔

طویل بحث و مباحثے کے بعد انھوں نے فیصلہ کیا کہ وہ گریڈ 5A سے مدد مانگیں گے۔

شروع میں 5A کے بچوں نے اُن کا تھوڑا مذاق اُڑایا، ”اوہ! مشہور اداکار بھول گئے کہ اُنھیں ایک ٹیم کی بھی ضرورت ہے؟“ مگر پھر وہ مدد کے لیے راضی ہو گئے۔



انھوں نے ہر کام کا وقت اور طریقہ سیکھ لیا۔وہ ڈرامے کے اصل ہیرو بن گئے — پردہ کھینچنا، جنگل کی آوازیں چلانا، اسٹیج کی چیزیں سنبھالنا اور یہاں تک کہ بندر کی دُم کو بار بار ٹھیک کرنا جو بار بار گر جاتی تھی۔ڈرامے کی پیش کش کے دن جنگل کی مہم جوئی زبردست کامیاب رہا! تماشائیوں نے تالیاں بجائیں، قہقہے لگائے اور خوشی سے شور مچایا۔لیکن اس بار سب نے اسٹیج کے پیچھے کام کرنے والی ٹیم کے لیے بھی تالیاں بجائیں۔

اس دن کے بعد گریڈ 5B کے اداکار کبھی نہ بھولے:

*”اسٹیج پر ڈراما صرف اُن ستاروں کی وجہ سے چمکتا ہے جو پردے کے پیچھے ہوتے ہیں۔“*

تو ہمیں اس سے کیا سبق ملتا ہے؟ یہ کہ کام کے ہر پہلو کے لیے منصوبہ بندی ضروری ہے۔

© NCERT not to be republished

## مرحلہ 2: منصوبہ بندی

سب سے پہلے آیئے اُن تمام کاموں کی فہرست بنائیں جو ایک ڈراما پیش کرنے کے لیے انجام دینا ضروری ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | | .2 | | .3 | | .4 | |
| .5 | | .6 | | .7 | | .8 | |

اپنی فہرست کا دوسروں کی فہرستوں سے موازنہ کیجیے اور دیکھیے کہ کہیں آپ سے کوئی کام رہ تو نہیں گیا۔ ہر شعبے میں کام کی نوعیت کے مطابق ذمہ داریاں اپنے ساتھیوں میں تقسیم کیجیے۔ ہر ٹیم میں شامل طلبا کی تعداد کام کی مناسبت سے ہوگی۔ مثال کے طور پر اگر ہر منظر کے لیے زیادہ چیزوں کی ضرورت ہے، تو اس ٹیم میں چار یا پانچ افراد ہونے چاہیے۔ اگر میک اپ بالکل سادہ اور بنیادی ہے جو اداکار اپنے طور پر بھی کر سکتے ہیں تو اس ٹیم میں صرف ایک یا دو افراد کافی ہوں گے وغیرہ وغیرہ۔



1. میک اپ
2. ملبوسات
3. اسٹیج کے ساز و سامان
4. پروپس
5. موسیقی
6.
7.

© NCERT not to be republished

آپ کی رہنمائی کے لیے مندرجہ ذیل فہرست پیش ہے:

| نمبر شمار | ٹیم | نام | |
|---|---|---|---|
| .1 | کہانی اور اسکرپٹ | .1<br>.2<br>.3 |   |
| .2 | اسٹیج کے ساز و سامان | .1<br>.2<br>.3 |  |
| .3 | پروپس | .1<br>.2<br>.3 |  |
| .4 | میک اپ | .1 |  |
| .5 | ملبوسات | .1 | |
| .6 | موسیقی اور مختلف قسم کی آوازیں | |  |
| .7 | اداکاری اور رقص | | |

© NCERT not to be republished

## مرحلہ 3: وقت کا تعین


یہ منصوبہ بندی کا ایک اہم حصہ ہے۔ منصوبہ بندی اور تیاری کے لیے مناسب وقت دینا ایک کامیاب ڈرامے کو یقینی بناتا ہے۔ اگر وقت کا تعین غلط ہو جائے تو کیا مسائل پیدا ہو سکتے ہیں؟

**ڈرامے کی پیش کش کی تاریخ بہت قریب ہو:** ریہرسل کے لیے وقت نہیں ملتا، ملبوسات اور دیگر ضروری چیزیں تیار کرنے کے لیے وقت کم پڑ جاتا ہے، اداکار پوری طرح تیاری نہیں کر پاتے اور اپنے مکالمے بھول سکتے ہیں۔

**ڈرامے کی تاریخ بہت دور ہو:** ٹیم کی دل چسپی اور خوشی کم ہو جاتی ہے، زیادہ ریہرسل ڈرامے کو بور کر دیتی ہے، درمیان میں اور کام آ سکتے ہیں جیسے کسی اداکار کو شہر سے باہر جانا پڑے، کوئی بیمار ہو جائے یا اسکول میں کوئی نیا پروگرام آ جائے جس کی تیاری میں تمام طلبا کو شامل ہونا پڑے۔ لہٰذا وقت کی منصوبہ بندی بہت سوچ سمجھ کر کیجیے صرف ڈرامے کے دن کے لیے نہیں بلکہ ہر مرحلے کے لیے۔



© NCERT not to be republished




اوپر دیا گیا یہ وقت کا شیڈول صرف ایک مثال ہے تاکہ آپ کو یہ اندازہ ہو سکے کہ منصوبہ بندی کیسے کی جا سکتی ہے۔ دنوں کی تعداد آپ کے شیڈول اور کہانی کے مطابق کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔ لیکن ہمیشہ یاد رکھیں کہ منصوبہ بندی شروع کرنے کے بعد ڈرامے کی تاریخ کم از کم 15 سے 20 دن بعد رکھیں۔ اگر ڈرامے کی تاریخ پہلے ہی اسکول یا استاد نے طے کر دی ہے تو آپ کو اس پر کام کم از کم 20 دن پہلے شروع کرنا ہوگا۔

## مرحلہ 4: ریہرسل

یہ مرحلہ سب سے زیادہ وقت لیتا ہے اور اس میں ٹیم کو سب سے زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے۔ ریہرسل بھی ایک خاص ترتیب کے ساتھ کی جاتی ہے:

- **اسکرپٹ کی قرأت:** پوری ٹیم اکٹھی بیٹھے، ہر کوئی باری باری چند جملے پڑھے۔ اس عمل کو کئی بار دہرایا جائے۔
- **کاسٹنگ:** اداکاروں کو کردار تفویض کرنا۔
- **منظر کی ترتیب:** ہر منظر کے لیے اداکاروں کی جگہیں اور حرکات طے کرنا۔
- **مکالموں اور حرکات کے ساتھ مشق:** ہر منظر کی الگ الگ ریہرسل کیجیے۔
- **پورے ڈرامے کی ریہرسل:** ابتدا سے خاتمے تک مکمل پرفارمنس کی مشق۔

یہ بہتر ہوگا کہ ان تمام مراحل کے لیے الگ سے وقت کا تعین کیا جائے تاکہ سب کچھ وقت پر مکمل ہو سکے۔

### تکنیکی ٹیم



اس میں اسٹیج کا سامان، ملبوسات، میک اپ، موسیقی اور اسٹیج کے پیچھے کام کرنے والی دیگر ٹیمیں شامل ہوتی ہیں۔

جب اداکاروں کی ٹیم اپنے مکالمے اور مناظر کی ریہرسل کر رہی ہوتی ہے تو یہ تمام ٹیمیں بھی اپنے اپنے کام میں اُتنی ہی تندہی سے مصروف ہوتی ہیں۔

**اسٹیج کا سامان:** ضرورت کی چیزیں گتے سے بنائیں یا دوسروں سے مستعار لیں۔ یاد رکھیے گریڈ 3 اور 4 میں آپ نے 'اشیا میں تخلیقی تبدیلی' سیکھی تھی۔ اپنی اسی مہارت کا استعمال کیجیے۔

**ملبوسات:** دستیاب وسائل سے بہترین ممکنہ ملبوسات تیار کرنے کا منصوبہ بنائیے۔ آپ کسی سے مستعار لے سکتے ہیں یا گتے سے چیزیں بنا سکتے ہیں جیسے تاج وغیرہ۔ منصوبہ ایسا بنائیں جس میں کچھ خریدنا یا کرائے پر لینا نہ پڑے۔

**موسیقی:** پچھلے دو سال میں جو کچھ آپ نے سیکھا ہے، اسے استعمال کرتے ہوئے دیکھیں کہ آپ کس طرح مختلف قسم کی آوازیں پیدا کر سکتے ہیں یا ضرورت پڑنے پر گانے بھی گا سکتے ہیں۔



استاد کے لیے نوٹ: کاسٹنگ اور منظر کی ترتیب (سین بلاکنگ) کے مراحل میں استاد کی کچھ مدد اور رہنمائی درکار ہوگی۔ بچوں کو زیادہ سے زیادہ خود کام کرنے کی ترغیب دیجیے۔ مداخلت صرف اسی وقت کریں جب واقعی ضرورت ہو۔

## مرحلہ 5: ڈراما کی پیش کش کے لیے تیاری

گھبراہٹ محسوس ہو رہی ہے؟ جیسے جیسے ڈرامے کا دن قریب آتا ہے سب کا جوش بڑھتا جاتا ہے اور شاید گھبراہٹ بھی۔

یہ بالکل معمول کی بات ہے۔ درحقیقت وہ پیشہ ور اداکار بھی جو کئی برسوں سے اسٹیج پر اداکاری کر رہے ہیں، اسٹیج پر جانے سے پہلے گھبراہٹ محسوس کرتے ہیں۔ ماہرینِ نفسیات کہتے ہیں کہ یہ گھبراہٹ اکثر اداکاروں کو بہتر اداکاری کرنے میں مدد دیتی ہے۔ لہٰذا بس یہ محنت جاری رکھیے اور اپنے مکالموں اور حرکات کو اچھی طرح یاد کیجیے۔



© NCERT not to be republished

## گھبراہٹ پر قابو پانے اور ڈرامے کی پیش کش کے لیے پُر اعتماد رہنے کے طریقے۔

### 1. ریہرسل

گھبراہٹ پر قابو پانے کا سب سے مؤثر طریقہ ہے بار بار مشق کرنا۔ جتنا زیادہ آپ کو ڈرامے کی تفصیلات یاد ہوں گی، اتنا ہی آپ کا اعتماد بڑھے گا۔ جب بھی وقت ملے مشق کیجیے۔ کبھی ٹیم کے ساتھ اور کبھی اکیلے۔ اس میں آخری مکمل ریہرسل بھی شامل ہے، جو بالکل اصل شو کی طرح ہوتا ہے۔ یہ ریہرسل اعلان سے شروع ہوتا ہے اور اس میں تمام پہلو شامل ہوتا ہیں جیسے اسٹیج کے سازو سامان، ملبوسات، مختلف قسم کی آوازیں، موسیقی، رقص اور دیگر تمام مناظر۔ یہ



ایک طرح کی آزمائشی پیش کش ہوتی ہے، جو آپ کو یہ سمجھنے کا موقع دیتا ہے کہ کہاں غلطی ہوسکتی ہے اور ٹیم کے طور پر کہاں بہتری لانی ہے۔ آپ اپنے چند اساتذہ کو یہ ریہرسل دکھا سکتے ہیں تا کہ اصل پرفارمنس سے پہلے وہ آپ کو قیمتی مشورے اور تجاویز دے سکیں۔

### 2. آرٹ کا استعمال!



ہر قسم کا فن گھبراہٹ کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ آپ وہ طریقہ اپنا سکتے ہیں جس سے آپ کو سکون ملے۔ آپ موسیقی، رقص، تھیٹر اور بصری آرٹ سیکھ رہے ہیں اور یہ تمام فنون ایک دوسرے کو مضبوط بناتے ہیں۔ ان کے کئی مثبت اثرات ہوتے ہیں، جیسے ذہنی سکون، دباؤ اور تناؤ میں کمی، حوصلہ افزائی، دماغ کو تازگی دینا، تخلیقی سوچ کو ابھارنا، توجہ مرکوز کرنے میں مدد دینا، اور بہت کچھ۔ دیکھتے ہیں کہ ہم کس طرح اس صورت حال میں ان فنون کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



**موسیقی:** خوشگوار دُھن گنگنانا یا کوئی مزاحیہ گیت گانا آپ کو سکون دے سکتا ہے۔



**تھیٹر:** آنکھیں بند کریں اور اپنے مناظر کو تمام تفصیلات کے ساتھ ذہن میں دہرائیں، آپ خود کو زیادہ پُراعتماد محسوس کریں گے۔



**رقص:** اچھلیں، اپنے ہاتھوں کو حرکت دیں اور رقص کے کچھ اسٹیپ کریں۔ یہ گھبراہٹ کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔



**بصری آرٹ:** اپنی حرکات اور مناظر کے خاکے بنائیں۔ جو بھی آپ کے ذہن میں آئے اسے رنگوں کی مدد سے کاغذ پر اتاریں۔

یہ طریقے نہ صرف آپ کو سکون اور تازگی محسوس کراتے ہیں بلکہ آپ کے ذہن کو بہتر طور پر توجہ مرکوز کرنے میں بھی مدد دیتے ہیں اور اس کا مطلب ہے— ڈرامے کی ایک شاندار پیش کش!

© NCERT not to be republished

## 3. ٹیم کا ربط

ایک دائرے میں بیٹھیے اور ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑیے۔ آہستہ اور گہری سانسیں لیجیے۔ سانس ناک سے اندر لیجیے اور منہ سے باہر نکالیے۔ تصور کیجیے کہ آپ ایک پرسکون کچھوے کی طرح ہیں۔ یہ عمل آپ کی دل کی دھڑکن کو سست کر دیتا ہے اور ذہن کو سکون بخشتا ہے۔ اسے دو سے تین مرتبہ دہرائیے۔ جب آپ سکون اور انہماک محسوس کریں تو سب مل کر ایک دعا پڑھیں۔ یہ ایک تجویز کردہ دعا ہے جو مل جل کر کام کرنے کی بھلائی اور کامیابی کے بارے میں ہے۔ یہ دعا اُپنیشد کا ایک اشلوک ہے۔

ॐ सह नाववतु । सह नौ भुनक्तु ।
सह वीर्यं करवावहै । तेजस्वि नावधीतमस्तु मा विद्विषावहै ।
ॐ शान्तिः शान्तिः शान्तिः ॥

اوم سہ ناوَ اَوتُو | سہ نو بھُنکتُو |
سہ وِریم کرواواہے | تیجَسوی ناوَ ادھیتَم استُو ما وِدوِشاواہے |
اوم شانتی شانتی شانتی

اردو ترجمہ:

1. مل کر آگے بڑھیں اور ترقی کریں۔
2. مل کر لطف اور سکون پائیں۔
3. مل کر قوت اور توانائی کے ساتھ کام کریں۔
4. ہمارا کام علم اور روشنی سے بھرپور ہو؛ اور ہم میں کسی قسم کی دشمنی پیدا نہ ہو۔
5. اوم شانتی، شانتی، شانتی

اس سے پوری ٹیم میں ایک مثبت توانائی پیدا ہوگی۔ یاد رکھیں آپ کے دوست آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ سب ایک ساتھ یہ کام کر رہے ہیں اور ہر فرد چاہتا ہے کہ ان کی پیش کش کامیاب ہو۔ اپنی پوری ٹیم پر یقین رکھیں۔

© NCERT not to be republished

## 4. ڈرامے کی پیش کش سے پہلے جن باتوں سے بچنا چاہیے

### زیادہ کھانا نہ کھائیں

زیادہ کھانے سے پیٹ میں بھاری پن یا بدہضمی ہو سکتی ہے۔آپ کو بھاری پن محسوس ہو سکتا ہے اور نیند بھی آسکتی ہے۔جنک فوڈ یا سوڈا پینے سے بھی شو کے دوران تکلیف ہو سکتی ہے۔اس کے بجائے ہلکی اور صحت مند غذائیں کھائیں۔



### دیر نہ کریں

جلد بازی آپ کو مزید گھبراہٹ میں ڈال دیتی ہے۔وقت سے پہلے پہنچیے، اپنی تمام چیزیں ترتیب سے رکھیے اور خود کو توجہ مرکوز کرنے کے لیے مناسب وقت دیجیے۔




### ویڈیو نہ دیکھیں یا گیم نہ کھیلیں

اسکرین آپ کی توجہ بھٹکا سکتی ہے یا آپ کو تھکا سکتی ہے۔کوئی بھی چیز جو آپ کا دھیان ہٹائے اچھی نہیں ہوتی،ورنہ آپ پر پورے شو کے دوران اس کا اثر پڑ سکتا ہے۔



### شو سے پہلے کی رات اچھی نیند لیں

اگلے دن جسمانی اور ذہنی توانائی برقرار رکھنے کے لیے اچھی نیند ضروری ہے۔ پوری نیند آپ کی یادداشت اور توجہ کو بہتر بناتی ہے۔اکثر نیند پوری نہ ہونے کی صورت میں آپ کے مکالمے بھولنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔



© NCERT not to be republished



اگر آپ نے پوری ایمانداری سے محنت کی ہے تو اس کا عکس پیش کش کے بعد ضرور نظر آئے گا۔ تمام تیاری اور محنت کے ساتھ، ڈراما ضرور کامیاب ہوگا۔ تقریباً 1000 سال پہلے سوم دیو نے اپنی لوک کہانیوں کی کتاب — کَتھا سَرِت ساگر میں کہا تھا:

अप्राप्यं नाम नेहास्ति धीरस्य व्यवसायिनः।

اپراپیم نام نیہاستی دھیرسیہ ویوسائینہ

ترجمہ: 'ایسا کچھ بھی نہیں جو محنت کرنے والے اور حوصلہ رکھنے والے شخص کو حاصل نہ ہو سکے۔'

© NCERT not to be republished



## حلقہ کا وقفہ

- کون سا مرحلہ سب سے زیادہ دل چسپ تھا؟ اور کون سا سب سے مشکل؟
- کیا آپ اور آپ کے دوست اسی منصوبے پر قائم رہے جو آپ نے پہلے بنایا تھا؟
- کون سی تبدیلیاں کرنی پڑیں جو اصل منصوبے میں شامل نہیں تھیں اور کیوں؟
- کیا اسٹیج کے پیچھے کا کام اور اسٹیج پر اداکاری ایک جیسا ہے؟ ان میں سے کس میں زیادہ محنت اور کوشش کی ضرورت ہوتی ہے؟

## جائزہ

| باب 8 – وقت، ٹیم اور تکنیک | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **صلاحیتیں**<br>سی-3.1: ڈرامائی آرٹ میں استعمال ہونے والے مواد، اشیا اور تکنیک کے ساتھ کام کرتے ہوئے امکانات تلاش کریں۔<br>سی-3.2: انفرادی یا اشتراکی طور پر ڈراما تیار کرتے ہوئے منصوبہ بندی، مشق اور پیش کش کے اقدامات پر عمل کریں۔ | | | | |
| **سی جی** | **سی** | **آموزشی ماحصل** | **استاد** | **خود** |
| 2 | 3.1 | کہانی میں موسیقی اور رقص کو شامل کرنے کے امکانات تلاش کرنا۔ | | |
| | 3.1 | منصوبہ بندی اور وقت کے تعین سے متعلق خیال میں مکمل وضاحت کا اظہار کرنا۔ | | |
| | 3.2 | بیک اسٹیج کے عناصر کو اہمیت دینا۔ | | |
| | 3.1 , 3.2 | منصوبہ بندی کے اقدامات کے لیے اتفاق رائے قائم کرنے کی خاطر ٹیم کے ساتھ بات چیت کرنا۔ | | |
| | 3.2 | الگ الگ کاسٹ اور تکنیکی ٹیم کے ساتھ ریہرسل کی منصوبہ بندی پر کام کرنا۔ | | |
| | 3.2 | منظر کو حقیقت سے قریب کرنے کے لیے فوری طور پر پروپرٹیز، آواز وغیرہ کا استعمال کرنا۔ | | |
| | | کلاس میں مجموعی شرکت۔ | | |



استاد کے مشاہدات: ____________________

____________________

دیگر تاثرات: ____________________

____________________

© NCERT not to be republished